سوال

(257) بے نماز بیوی یا شوہر سے ہم بستر نہ ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا خاوندیا بیوی کےلیے ممکن ہے کہ وہ اپنے آپ کو بے نماز سے روک لے یعنی وہ اسے اپنے قریب نہ آنے دے ؟ دوسرے لفظوں میں کیا یہ جائز ہے کہ دونوں میں سے جب ایک بے نماز ہو تو دوسرا اسے اپنے سے ہم بستری نہ کرنے دے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صرف روکنا ہی ضروری نہیں بلکہ عورت یا دونوں پر واجب ہے کہ ایسے شوہر یا ایسی بیوی سے معاشرت کو ہی روک لے ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

وَلا تُمسِكوا بِعِصَمِ الكَوافِرِ... ١٠ ... سورة الممتحنة

"تم کافر عورتوں کی ناموس اپنے قبضے میں رکھو۔"

لہذا کسی بھی مسلمان عورت کےلیے یہ جائز نہیں کہ وہ کلی طور پر بے نماز خاوند کی عصمت میں رہے یا پھر اس کا خاوند اکثر طور پر نماز پڑھتا ہی نہ ہو بلکہ ایسی صورت میں اس پر واجب ہے کہ اس سے فوری طور پر علیحدگی اختیار کرلے ۔ کیونکہ وہ کافر اور دین سے خارج ہے ۔ ہم اللہ تعالی سے سلامتی وعافیت کی دعا کرتے ہیں ۔ (واللہ اعلم) (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص320

محدث فتویٰ